© rasailojaraid.com



آج حکیم عبدالحمید صاحب واقف متولی ہمدرد کی ایسی ہمہ گیر و باوقار شخصیت، حکیم الا کوثر چاند پوری جیسے متعدد ذمہ دار اہل فن اور ہمدرد دواخانے کے ذرائع و وسائل اس کام میں پوری طرح مصروف ہیں۔ یہ کوششیں یقیناً کامیاب ہیں اور مزید ہوتی رہیں گی۔

کتاب مختصر ہونے کے باوجود اپنے موضوع پر کامیاب اور مفید ہے۔ (ط)

---

تاریخ الحرمین الشریفین یعنی تاریخ مکہ و مدینہ۔ مترجم مفتی کفیل الرحمان نشاط عثمانی کتابت و طباعت بہتر، تقطیع خورد ۲۰×۳۰/۱۶ صفحات ۱۵۹ قیمت پانچ روپیہ

پتہ: ادارہ درسِ قرآن دیوبند یوپی

حج و مقامات حج کے موضوع پر بے شمار کتابیں چھپ چکی ہیں اور یہ سلسلہ برابر جاری ہے، اسی سلسلے کی ایک کڑی حرمین شریفین کی تاریخ بھی ہے، اس موضوع پر عربی میں تو بہت کچھ موجود ہے قدیم بھی اور جدید بھی البتہ اردو میں اس پہلو پر کم توجہ ہے۔

اس موضوع پر عرب مصنف استاذ عباس کرارہ کی کتاب "تاریخ الحرمین الشریفین" کا یہ ملخص اردو ترجمہ ہے۔ ترجمہ کی زبان سلیس و رواں ہے، جا بجا قوسین میں چند جملوں کا اضافہ کر کے مضمون کی وضاحت کر دی گئی ہے۔ قوسین کے اضافے بہت سی جگہوں پر فاضل مترجم کی وسعت مطالعہ اور تاریخی معلومات کا بھی پتہ دیتے ہیں مثال کے طور پر اصل کتاب میں ایک جگہ یہ تھا کہ "سب سے پہلے مسجد میں خوشبو کا اہتمام کرنے والے حضرت عثمان ہیں" مترجم نے قوسین میں "باقاعدہ انتظام کرنے والے" (ص۱۲۰) کا اضافہ کر کے تاریخ کے دیگر بیانات کی رعایت ملحوظ رکھی ہے۔ اسی طرح جہاں لفظ کی مراد کے سمجھنے میں شبہ ہوا وہاں اس کی طرف اشارہ کر دیا ہے مثلاً ص۳ پر "اعمر" کے ترجمہ میں تعمیر کرنے اور عمرہ کرنے دونوں کی گنجائش تھی وہاں ایک ترجمہ کرنے کے بعد دوسرا ترجمہ قوسین میں دے دیا، اس لفظ کی حقیقی مراد جو بھی کچھ ہو مگر اس سے مترجم کا احساس ذمہ داری



© rasailojaraid.com